پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو ۔ کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۱۰ جولائی ۱۹۸۴ء | ۹ شوال ۱۴۰۴ھ

جلد نمبر ۱۲ | شمارہ نمبر ۸

سرینگر میں کرفیو نافذ کر دیا گیا، کالج اور دیگر ادارے بند کر دیئے گئے، مسلح پولیس اور فوج کا گشت

مقبوضہ کشمیر میں فاروق عبداللہ کی حکومت ختم ہو گئی

پاکستان سے الحاق کے حامی کشمیری مسلمانوں اور الگ ریاست کے خواہشمند انتہا پسند سکھوں کی سرپرستی کے الزامات

اندرا نے مقبوضہ کشمیر میں کارروائی کے لئے ۱۱ طیاروں کے ذریعے فوج سرینگر پہنچا دی

نئی دہلی — [illegible]

[illegible]

سرینگر کے اردگرد مسلح فوج نے چوکیاں قائم کر لیں

[illegible]



بیت المقدس پر صیہونی قبضہ کے خلاف امام خمینی کی اپیل پر جمعۃ الوداع کے دن دنیا بھر میں "یوم القدس" منایا گیا ۔ اس موقع پر ٹورانٹو کے مسلمانوں نے بھی صیہونیت اور امریکی سامراجیت کے خلاف بھرپور مظاہرہ کیا ۔ اوپر کی تصویر میں مظاہرہ کے اختتام پر امریکی قونصلیت کے بالمقابل مظاہرین کی نماز کا ایک منظر

سکھ فوجیوں کی مسلح بغاوت

بھارتی فوج کے کمانڈر انچیف کی طرف سے ریڈیو و ٹیلیویژن پر سکھ فوجیوں سے بغاوت ختم کرنے کی اپیل

سات ہزار سے زائد مفرور فوجیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے

نئی دہلی — [illegible]

[illegible]

مقبوضہ کشمیر میں سکھوں کے پرتشدد مظاہرے جاری ہیں

جموں کے قریب مسافر ٹرین پر حملہ، متعدد ہلاک

[illegible]


روسی فوج نے کئی افغان دیہات کا خاتمہ کر دیا

بستی گاؤں کی تلاشی لینے پر ایک گولی بھی مل جائے تو پورے گاؤں کے مردوں، عورتوں، بچوں کو بموں سے اڑا دیا جاتا تھا" مفرور روسی فوجیوں کا انکشاف

روسی فوج کی رسد کا نظام خراب ہو چکا ہے

عام فوجیوں کے ساتھ افسروں کا رویہ ناقابل برداشت ہے

[illegible]



[illegible]

بلوچستان میں ۲۵ لاکھ ایکڑ ...

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج اور ... میں فائرنگ

پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝
سنو! اللہ کے دوستوں کے لیے نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا (القرآن)

اسرائیل کو تسلیم کرنے کی سفارش

امریکی حکومت کی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان کی وفاقی مجلس شوریٰ کے کئی ارکان نے اس خیال کا اظہار کیا ہے کہ پاکستان کو مصر کی تقلید کرتے ہوئے اسرائیل کو تسلیم کر لینا چاہیے۔ امریکی حکومت نے یہ رپورٹ اس سال اپریل میں سینٹ کی خارجہ تعلقات کمیٹی میں پیش کی ہے۔ اس کے مطابق مجلس شوریٰ کے ارکان کی دلیل یہ ہے کہ فلسطینیوں کی حمایت کر کے پاکستان کو کوئی مالی فائدہ حاصل نہیں ہوا جب کہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات سے اسے خاصے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ ان میں سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ امریکی کانگریس پاکستان کی بھرپور حمایت کرے گی۔

ہمیں یقین نہیں آتا کہ پاکستان میں اور خاص طور پر وفاقی مجلس شوریٰ میں، جہاں کے لیے بہت چھان پھٹک کے بعد تجربے دیکھ کر افراد منتخب کیے گئے، ایسے مسلمان بھی ہوں گے جو اسرائیل کو تسلیم کر لینے کا مطالبہ کریں۔ اگر امریکی حکومت کی مذکورہ رپورٹ واقعتاً حقائق پر مبنی ہے اور مجلس شوریٰ میں ایسے ارکان بھی موجود ہیں، جن کی اسرائیل اور فلسطین کے بارے میں ایسی رائے ہے تو سب سے پہلے تو ان ارکان شوریٰ کا نام پاکستان کے عوام کو معلوم ہونا چاہیے۔ تاکہ ایک ایسا اہم ادارہ میں جو عوامی منتخب ادارہ نہ سہی تاہم موجودہ حالات میں پارلیمنٹ کی جگہ کام کر رہا ہے مسلمان دشمنوں کی نشاندہی ہو سکے۔ کیونکہ اسرائیل کو تسلیم کر لینا فلسطینیوں سے دشمنی نہیں، مسلمانوں سے دشمنی ہے۔ اسرائیل صرف فلسطینیوں کا یا عربوں کا دشمن نہیں ہے بلکہ وہ پوری دنیا کے مسلمانوں کا دشمن ہے۔ اور یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں جس کا انکشاف کیا جا رہا ہو۔ خود اسرائیل کے لیڈروں کے بیانات اس کے مظہر ہیں اور اسرائیل کے خفیہ نقشہ میں مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ تک اس کی حدود میں شامل ہیں۔ جس سے اسرائیل کے مقاصد کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ اسرائیل کے جنونی لیڈر پاکستان پر فضائی حملے کی دھمکیاں بھی دے چکے ہیں۔ گویا جغرافیائی لحاظ سے اور دور ہونے کے باوجود پاکستان اسرائیل کے سینے میں بری طرح کھٹکتا ہے۔ ایسے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان کی سالمیت اور آزادی تو ایک پڑوسی ملک کو بھی گوارہ نہیں پھر اسے کیوں تسلیم کیا گیا ہے؟ لیکن یہاں بات صرف اسرائیل کے جغرافیائی وجود کو تسلیم کر لینے کی نہیں بلکہ ساتھ ہی مشورہ دیا جا رہا ہے کہ فلسطینیوں کی حمایت ترک کر دی جائے۔ گویا مظلوم کو چھوڑ کر ظالم کا ساتھ دیا جائے، مہاجر کے بجائے غاصب کی مدد کی جائے۔ کمزور کی جگہ طاقتور کے کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا ہوا جائے۔ تاکہ یہ طاقتور، یہ ظالم، یہ غاصب ہمیں بھی کچھ دے۔ رپورٹ کے مطابق شوریٰ کے ان ارکان نے کہا ہے کہ فلسطینیوں کی حمایت کر کے پاکستان کو کوئی مالی فائدہ حاصل نہیں ہوا۔ جب کہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات سے اسے خاصے فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔

بات صرف اتنی ہی نہیں ہے کہ کچھ ماتحت نا اہل لوگوں نے اپنے اوندھے سیدھے خیالات کا اظہار کر دیا ہے، بلکہ تشویشناک یہ امر ہے کہ ان پریشان خیالیوں کو امریکہ میں باقاعدہ ایک رپورٹ کی شکل میں سینیٹ کمیٹی میں پیش کیا گیا۔ دراں حالیکہ پاکستان کی وزارت خارجہ کے ایک افسر ان خیالات کو یہ کہہ کر مسترد کر چکے ہیں کہ یہ صرف "دانشورانہ باتیں" ہیں۔ حالانکہ ان باتوں کا دانش تو کیا عام فہم سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے۔ امریکہ تک مشرق وسطیٰ اور عرب ممالک میں اپنے مفادات کے تحفظ کی خاطر کھل کر اسرائیل کی جائز بیجا حمایت نہیں کر پاتا ایسے میں ایک مسلمان ملک کو یہ مشورہ دینا کہ وہ مسلمانوں کا ساتھ نہ دے "دانش" نہیں "سازش" کہی جا سکتی ہے۔ دوسری امریکہ کی طرف سے ان خیالات کو ایسی اہمیت دینے کا کیا جواز ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ پاکستان میں اب اسرائیل کے لیے ایک لابی تیار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بھارت کے لیے تو ہمارے ملک میں پہلے ہی سے ایک بڑی لابی موجود ہے۔

امریکہ اور روس کی مضبوط لابیاں تو بہر حال موجود ہیں اور امریکہ ہمیشہ سے یہی چاہتا ہے کہ جس طرف وہ دیکھے اس کے "دوست" بھی ادھر ہی دیکھیں۔ لیکن ان ارکان شوریٰ کے مشورے پر ہم حیران ہیں کہ یہ کس کی لابی ہے۔ کہ اس مشورے پر عمل کرنے کا فائدہ دونوں کو ہوگا۔ اسی رپورٹ میں پاکستان کی سیاسی صورت حال کے بارے میں اظہار تشویش بھی کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ سیاسی عدم استحکام اور علیحدگی پسندوں کے زور پکڑنے سے پاک امریکہ تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں اور اس طرح روس اور دوسری بیرونی طاقتوں کو مداخلت کا موقع ملے گا۔ پاکستان کی سیاسی صورتحال پر تشویش بجا ہی لیکن یہ منطق عجیب ہے کہ سیاسی عدم استحکام سے پاک امریکہ تعلقات متاثر ہوں گے۔ سیاسی استحکام کا مطلب سیاسی حکومت ہے لیکن پاک امریکہ تعلقات تو سب سے زیادہ مستحکم غیر سیاسی حکومت میں ہی ہوئے ہیں۔

پاکیزگی میں اپنی بھلائی ہے

القرآن

(اے نبی) تم صرف ان ہی لوگوں کو متنبہ کر سکتے ہو جو بے دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں۔ جو شخص بھی پاکیزگی اختیار کرتا ہے اپنی ہی بھلائی کے لیے کرتا ہے اور پلٹنا سب کو اللہ ہی کی طرف ہے۔ اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ہے۔ نہ تاریکیاں اور روشنی یکساں ہیں۔ نہ ٹھنڈی چھاؤں اور دھوپ کی تپش ایک جیسی ہے۔
(فاطر ۱۸-۲۱)

وقت پر نماز پڑھنا سب سے افضل عمل ہے

السنۃ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ دینی اعمال میں کون سا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپؐ نے فرمایا ٹھیک وقت پر نماز پڑھنا۔ پھر میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ آپ نے فرمایا ماں باپ کی خدمت کرنا۔ میں نے عرض کیا اس کے بعد کون سا عمل زیادہ محبوب ہے؟ آپ نے فرمایا راہ خدا میں جہاد کرنا۔ (بخاری، مسلم)

"میں کبھی آشا ہوں کبھی مارگریٹ"

غیر سیاسی باتیں

آپ نے ان کالموں میں ایک خط چھاپا ہے جو ایک پاکستانی بہن نے اپنے "اپنی ساس اور اپنے بھولی شوہر کے بارے میں لکھا تھا"۔ ایسی دکھی پاکستانی بہنوں کے خطوط کا ایک تانتا بندھ گیا ہے۔ بعض خطوط دلچسپ اور فکر انگیز ہیں۔ ایسا ہی ایک خط چھاپ رہا ہوں۔ جس اس خطرے کا سدباب کرنا ہوگا۔

"جواب کے بعد عرض ہے کہ ... آپ کے کالم میں ایک بہن کا خط چھپا جن کے شوہر مسقط میں ہیں اور وہ پاکستان میں دل میں ہزاروں وسوسے لیے شوہر کی راہ تکتی ہیں۔ بھائی صاحب! سنا ہے کہ آجکل وی سی آر کی وبا ہماری نسل کو تباہ کر رہی ہے اور معاشرے کے سنجیدہ افراد کو اس پر تشویش بھی ہے لیکن دیار غیر میں پاکستان کی وہ نسل جو روزی کمانے (آفیسر رینک) میں گئی ہے اس کو شراب جیسی لعنت ہندوستان کی ناری تباہ کر رہی ہے۔ خاص کر ان ممالک میں جہاں بعض میں ہمارے پاکستانی آفیسرز کام کر رہے ہیں اور ان کو اپنے ساتھ فیملی رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ میں اس سلسلے میں اپنی مثال دوں گی۔ میں ایک پاکستانی فوجی آفیسر کی بیوی ہوں۔ سلطنت آف عمان میں پاکستانی افسروں کو فیملی لانے کی اجازت نہیں ہے۔ وہاں پر آرمی میں انگریز بادشاہ کا راج ہے۔ سارے افسر انگریز ہیں اور انگریز چلاتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ انگریز بادشاہ جہاں بھی رہیں اپنے لیے وہاں پر عارضی "جنت" بنا لیتے ہیں۔ اسلامی مملکت ہونے کے باوجود آرمی کیمپ کے اندر شراب و شباب جائز ہے اور وہی سہولتیں آفیسروں کو ملی ہوئی ہیں کہ شاید ہی کہیں اور پا سکیں۔ ظاہر ہے کہ ہمارے پاکباز مرد حضرات جو تو ملک گھروں سے دور دہاں "مجبور، تنہا، بیچاری" تھے، غرض ہر طرح سے انہیں وہاں رہنا ہے اور جہاں سہولت موجود ہو کون بیوقوف ہو گا جو شراب و شباب کو چھوڑ کر وطن کی چاہت بنے گا۔

ادھر سے حسنے پر ستم ... آفت ... سلطنت آف عمان میں ہر ... "پنک" ... وہ شباب کے ... "شہوانی" ... کی ... پاکستانی مرد حضرات ... کے ... ہمارے گھروں کا سکون ... اولاد کی ... کو کسی ...

سے قتل کرنے والے یہ قاتل اپنے گھر بھی دیوالی اور دوسرے تہوار منا کر دور ہندوستانی ناچ ہوتے کے پیغام کر کر کے مفلس پاکستانی ہو لاکھ بھی گھریلو مرد ہوں گا اپنے دام محبت میں گرفتار کر کے دولت حاصل کرتی ہیں۔ شراب اور شباب کا نشہ تو عابد و زاہد کو بھی لے ڈوبتا ہے اس کے سامنے یہ گھروں سے طویل غیر حاضر مرد حضرات کیا چیز ہیں؟

بھائی صاحب! اس کا اثر دور رس بھی ہو سکتا ہے آپ یقین نہیں کریں گے کہ جب طویل غیر حاضری کے بعد میرے میاں رخصت پر ایک ماہ کیلئے گھر آتے ہیں تو ان کو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اسلامی دن کون سا ہے؟ حالانکہ خلیج کے ممالک خالص اسلامی ممالک ہیں اس کے برعکس ان کو یہ پتہ ہوتا ہے کہ آج فلاں ہے تو برتھ کا دن ہوگا یا ... ہے تو ... پروگرام ہوگا۔ بچوں کو عید کارڈ دلانے بازار جائیں گے تو ... کرسمس کارڈ، دیوالی کارڈ ... ہے مجھے وہ کبھی "مارگریٹ" کے روپ میں دیکھنا چاہتے ہیں اور کبھی "آشا دیوی" کے روپ میں۔

بھائی صاحب! یہ حال میں نے وہاں جا کر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ ہمارا کرم اتنا کرم مجھ پر کر دیں کہ صاحب اقتدار کو میری یہ چیخ پہنچا دیں کہ سلطنت آف عمان میں جو وفاقی میں افسر رینک میں جاتے ہیں یا سول افسر بھی ہو تو ان کو اپنے ساتھ فیملی رکھنے کی اجازت ہو۔

زندہ تحریریں

آزادی کا مقصد

تقسیم سے پہلے اگر کسی کو بتایا جاتا کہ پاکستان اس غرض کے لیے نہیں بنایا جا رہا ہے کہ اسلامی تہذیب کو دوبارہ زندہ کیا جائے اور اسلامی قانون کو وہاں نافذ کیا جائے، بلکہ پاکستان صرف اس غرض کے لیے بنایا جا رہا ہے کہ کچھ لوگوں کو بڑے بڑے عہدے حاصل ہو سکیں اور کچھ لوگ ... کا کھیل کھیل سکیں تو کیا آپ سمجھتے ہیں کہ مسلمان اپنے خون کا قطرہ تو در کنار، اپنے پسینے کا قطرہ بھی بہانے کے لیے تیار ہوتے؟ اور فرض کیجیے کہ اگر بہانے کے لیے تیار بھی ہو جاتے تو وہ صرف وہ لوگ ہوتے جن کو یہ توقع تھی کہ ان کو بڑے بڑے عہدے حاصل ہوں گے۔ عام مسلمان اس کے لیے کیوں تیار ہوتے؟ جن کے لیے ہندوستان کی سرزمین جہنم بن جانی تھی انہیں کیا پڑی تھی کہ ان اغراض کے لیے اپنے آپ کو خطرے میں ڈالتے۔ کیا وجہ تھی کہ بمبئی، یوپی اور ... کا مسلمان "لے کے رہیں گے پاکستان" اور "پاکستان زندہ باد" کا نعرہ لگا رہا تھا؟ کیا وجہ تھی کہ وہ ... کا مسلمان ... اور "پاکستان زندہ باد" کا نعرہ لگاتا؟ اس نے اسی امید پر اپنی جان کھپائی تھی اور اسی امید پر اپنے آپ کو خطرے میں ڈالا تھا کہ اپنی بستی جلا کر اپنے شہر کو اپنے لیے جہنم بنایا تھا کہ کوئی خطۂ زمین تو ایسا ہو جہاں خدا کا قانون نافذ ہو، جہاں اسلام سربلند ہو سکے، جہاں اسلامی تہذیب زندہ ہو، جہاں اسلامی تعلیم کی روشنی ... اسلامی اخلاق کی تربیت ملے اور جہاں قرآن و سنت کی حکمرانی ہو۔ اسی امید پر ان لوگوں نے اپنی جانیں دیں، گھر بار لٹائے، اپنے آپ کو خطرے میں ڈالا اور اپنے لیے تباہی مول لی۔ کسی کے سوا ان کی کوئی اور غرض نہیں تھی۔ آج آپ ان کے حالات دیکھیے جو لوگ ... کہ ہندوستان کے مسلمانوں پر کیا بیت رہی ہے تو کیا آپ اس سے بے خبر ہیں کہ ان پر یہ حالات کیوں بیت رہی ہے؟ یہ سب کچھ ہو جانے کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ دینی آزادی ہمیں حاصل ہو رہی ہے جو شاید اس قوم کی حیثیت سے ہمیں مطلوب تھی بلکہ وہ انگریز کے زمانے میں جو ہو رہا تھا آج اس سے کہیں زیادہ ہو رہا ہے۔ انگریز کے زمانے میں ... ہمارے عائلی قوانین ... ہماری آنکھیں ... دیکھ رہی ہیں۔ ... مسلمانوں کے پرسنل لا پر ہاتھ ڈالنے کی ہمت کسی کو نہیں ہوتی تھی۔ انگریز نے تمام دوسرے اسلامی قوانین منسوخ کر دیے لیکن جہاں تک مسلمانوں کے پرسنل لا کا تعلق ہے اس پر ہاتھ ڈالنے کی وہ جرأت کبھی نہ کر سکا اور ہندوستان کی ہندو حکومت اب تک یہ ہمت نہیں کر سکی ہے لیکن ... یہ کام بھی کر کے دکھا دیا، اور عائلی قانون میں وہ ترمیمات کر ڈالی گئیں جن کو تمام علماء بالاتفاق اسلام کے خلاف قرار دے چکے ہیں۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ
(آزادی کا صحیح مفہوم)

آگ ہے ... بھی ہزاروں جنہیں اپنے گھروں کو بچا سکیں شہریہ
ایک مجید ... ڈیفنس سوسائٹی کراچی

آزادیاں ——— نعمان آصف

مندروں میں خون پی کر وہ "تلک دھاری" گئی
"دیوی جمہور" پر انسانیت واری گئی!
کیا بتائیں کیا ہوا آزادیوں کے نام پر؟
مسلموں کے سر گئے سکھوں کی سرداری گئی!

غزل

[illegible]

آم کے میٹھے ذرکی لڑے

[illegible]



جیتی جاگتی زندگی — ش فرخ آپ کے نفسیاتی مسائل کا حل پیش کرتی ہیں

ایک چھوٹی سی خوشی کی خاطر بڑی ذمہ داری سے غفلت کیوں؟

[illegible]

کردار اپنا اپنا

[illegible]

چوری کی عادت

[illegible]

ش۔ ف

درس

قرآن مجید کی تعلیم

[illegible]

Letters to the Editor

Question of Shari'ah

Dear Brothers in Islam,

This is for the information of the general Asian people and particularly for Indian/Pakistani Muslim brothers living in the US and Canada that I married Ms. Seemi Qazi, daughter of Brigadier (Rtd.) Dr. G.D. Qazi of Lahore (Pakistan) on November 19, 1983. The marriage was solemnized by Mr Mian M. Saeed, President of MSA of Northern Virginia, strictly according to Islamic Shari'ah. All formal and traditional activities were performed according to the wishes of my in-laws under Islamic Shari'ah. The marriage ceremony was attended by family members, close relatives and friends in the hotel where brunch was arranged.

I never had any problems with my wife while she was living with me but unfortunately she left me about four months ago for reasons best known to her.

The reason for bringing this matter up for public information of the general Muslim people is that Ms. Seemi Qazi is still in *Nikah* with me. But her family is seeking another marriage for her. The MSA (ISNA) at Plainfield, Indiana published the said matrimonial AD in their newspaper *Islamic Horizons* of May 1984 edition. This is a matter of grave concern in our Shari'ah. The Muslims must take note of this so that the adherence to Shari'ah is established.

Yours in Islam
Mohammad Husain,
7466 N. Ashland Ave.
Chicago, Ill. 60626, US

(The views expressed in this letter are those of the writer himself. The editor accepts no responsibility for this.)

ادب و ثقافت

پاکستان کی تہذیب
روایات کے احترام کی تہذیب ہے

ندا فاضلی



اصل نام: مقتدا حسن — قلمی نام: ندا فاضلی
سن پیدائش: ۱۹۳۸ء — جائے پیدائش: گوالیار (بھارت)
تعلیم: ایم اے (گوالیار) — آبائی وطن: دہلی
پیشہ: آزاد صحافت - فلمی نغمہ نگاری
تصانیف:
۱- لفظوں کا پل (شاعری ۱۹۷۱ء)
۲- ملاقاتیں (مضامین ۱۹۷۰ء)
۳- مور ناچ (شاعری ۱۹۷۸ء)

جدید اردو شاعری پر لکھے گئے مضامین میں جس شعر کا حوالہ سب سے زیادہ نظر آتا ہے وہ یہ ہے:

سورج کو چونچ میں لئے مرغا کھڑا رہا
کھڑکی کے پردے کھینچ دیئے رات ہو گئی

یہ شعر کسی اور کا نہیں [illegible] کے صاحبزادے ندا فاضلی کا ہے جن کا شمار جدید دور [illegible] انفرادی پہچان رکھنے والے شعراء میں ہوتا ہے۔ ندا بہت دلچسپ باتیں کرتے ہیں۔ [illegible] کبیر داس کی شاعری بہت پسند ہے اور وہ اس بات پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں کہ اردو شعراء نے کبیر سے استفادہ کیوں نہیں کیا۔ ذیل میں کبیر کے اس بھگت کا انٹرویو ملاحظہ کیجئے۔

[illegible]

اختر الایمان کی نسل کے لوگ اپنی امیج کی عظمت کے اسیر ہو گئے ہیں

[illegible]

پیدائشی شاعر

[illegible]

ایک نظم کہیں سے بھی شروع ہو سکتی ہے

ثروت حسین

ایک نظم کہیں سے بھی شروع ہو سکتی ہے
جوتوں کی جوڑی سے
یا قبر سے جو بارشوں میں بیٹھ گئی
یا اُس پھول سے جو قبر کی پائنتی پر کھلا
ہر ایک کو کہیں نہ کہیں پناہ مل گئی
جو نیتوں کے جار نماز کے نیچے
اور لڑکیوں کو میری آواز میں
مردہ بیل کی کھوپڑی میں گلہری نے گھر بنا لیا ہے
نظم کا بھی ایک گھر ہو گا
کسی جلا وطن کا دل یا انتظار کرتی ہوئی آنکھیں
ایک پہیہ ہے جو بنانے والے سے ادھورا رہ گیا ہے
اسے ایک نظم مکمل کر سکتی ہے
ایک گونجتا ہوا آسمان نظم کے لئے کافی نہیں
لیکن یہ ایک نادداشتے دان میں بآسانی سما سکتی ہے
پھول، آنسو اور گھنٹیاں اس میں پروئی جا سکتی ہیں
اسے اندھیرے میں گایا جا سکتا ہے
ہواروں کی دھوپ میں سکھایا جا سکتا ہے
تم اسے دیکھ سکتی ہو
خالی برتنوں، خالی گہواروں اور خالی قمیضوں میں تم اسے سن سکتی ہو
باغ گاڑیوں اور جنازوں کے ساتھ چلتے ہوئے
تم اسے چوم سکتی ہو
ہمدردگاروں کی بھیڑ میں
تم اسے گوندھ سکتی ہو
پتھر کی ناند میں
تم اسے اُگا سکتی ہو
پودینے کی کیاریوں میں
ایک نظم
کسی بھی رات سے تاریک نہیں کی جا سکتی
کسی تلوار سے کاٹی نہیں جا سکتی!
کسی دیوار میں قید نہیں کی جا سکتی
ایک نظم
کہیں بھی ساتھ چھوڑ سکتی ہے
بادل کی طرح
ہوا کی طرح
راستے کی طرح!
باپ کے ہاتھ کی طرح

اولمپکس ھاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان کا

آسٹریلیا اور ہالینڈ سے مقابلہ سخت ہوگا

ضیاء الحسن سے انٹرویو

انٹرویو: رشید شیخ

[illegible]

تاج محل کی بنیادیں تندرست کے ساتھ رہی ہیں ہم ادیں شب کو آنے والوں کی تعداد محدود کرنے اور عمارت کو خوشبو، پاؤڈر اور پسینے سے بچانے کی سفارش

نئی دہلی — [illegible]

[illegible]

۲۳ مارچ ۱۹۸۵ء تک انتقال اقتدار ہو جائے گا۔ صدر ضیاء

بجٹ میں انتخابات کے لئے ۹ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں

الیکشن کمیشن پروگرام سے ایک قدم آگے ہی ہے پیچھے نہیں۔ صحافیوں سے بات چیت

راولپنڈی — صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے [illegible]

[illegible]

اسرائیل ناجائز ریاست ہے

سیاہ فام مسلمان لیڈر کا تبصرہ

نیویارک — [illegible]

[illegible]

صدر ضیاء الحق نے مرکزی وزراء اور صوبائی حکومتوں کو جلد دورے کی ہدایت کی

اسلام آباد — [illegible]

[illegible]

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف 10 ڈالر ہے جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

ایک ۳۵ سالہ شیعہ سید ایم اے پاس کنواری لڑکی کے لئے مناسب رشتہ درکار ہے۔ لڑکی کو امریکن امیگریشن ملنے والی ہے۔ خواہشمند حضرات فوٹو اور فون نمبر سمیت درج ذیل پتہ پر رجوع کریں۔

P.O. Box 204
Pierford Postal Station
H9H 4K9, Quebec, Canada

ٹورانٹو میں مقیم نامور خاندان کے ۳۲ سالہ تعلیمیافتہ برسرروزگار امیگرنٹ جوان صالح کے لئے اچھے مسلمان خاندان کی تعلیمیافتہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ تفصیلات کے لئے فون کیجئے

مسز محمود الیہ
(416) 886-0227

پاکستانی شریف خاندان کی خوبصورت ڈاکٹر اور امریکن سٹیزن کے لئے مناسب رشتہ مطلوب ہے۔

۳۲ سالہ وسیع کاروبار کے مالک اور پاکستانی شریف خاندان سے تعلق رکھنے والے نوجوان کے لئے خوبصورت اور تعلیمیافتہ لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ Aziz c/o al-Hilal

امریکن گرین کارڈ کے حامل ۳۲ سالہ سنی مسلمان، برسرروزگار ۸–۵ قد ۱۳۵ پاؤنڈ وزن کے خوش شکل لڑکے کیلئے اعلیٰ تعلیمیافتہ، خوبصورت اور ۲۲ تا ۲۷ سالہ لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ مزید معلومات کے لئے اس پتہ پر رابطہ قائم کیجئے۔

.K. Corporation
O. Box 478172
icago, Ill. 60647
12) 486-3558, U.S.

کہوٹہ اور واہ میں ایٹمی اسلحہ تیار کرنے کا کام پورے عروج پر ہے امریکی سینیٹر کا الزام

امریکی سینیٹ میں پاکستان کی امداد بند کرنے کی تحریک

وزارت خارجہ پر پاکستان کو سوا تین ارب ڈالر کی امداد فراہم کرنے کیلئے اسکے ایٹمی منصوبوں سے سینیٹ کو بے خبر رکھنے کا الزام

ایف ۱۶ طیاروں کی فراہمی بھی رکوا دوں گا کرانسٹن

امریکہ اور چین کا ایٹمی معاہدہ کھٹائی میں پڑ گیا

بھارتی فوج نے ضعیف سکھوں کے بال گردن کے گرد لپیٹ کر ان کے منہ پر تپتی ہوئی ریت پھینکی

ہتھیار ڈالنے والوں کو گرم سڑک پر گھٹنوں کے بل چلایا گیا

ظلم و بربریت کا آنکھوں دیکھا حال

عراقی تیل کی برآمد کیلئے اردن کے راستے پائپ لائن

fortnightly Vol.13 No.8 50 ¢
July 10, 1984
al-Hilal Ph: (416) 474-9292, 493-4374

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: S. Sajjad Hyder
Managing Dir. M. Lateef Owaisi

بمبئی اور اسکے نواح میں مسلم کش فسادات کی آگ دوبارہ بھڑک اٹھی ۵۲ ہلاک

تین نواحی علاقوں کو بھی ہندو فوج کے حوالے کر دیا گیا آتشزنی کی وارداتوں میں مسلمانوں کی املاک تباہ

سورت میں مسلمانوں کے مکانات اور دکانیں نذر آتش کر دی گئیں

بمبئی میں ــــــ ناگپور [illegible]

[illegible]

قومی اسمبلی کے اراکین کی تعداد ۳۵۰ کرنے کا فیصلہ

غیر جماعتی انتخابات کی نگرانی کا انتظام فوج اور عدلیہ کے سپرد ہوگا

الیکشن کمیشن کی کارروائی کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جا رہا ہے!

اسلام آباد ــــــ الیکشن کمیشن نے قومی اسمبلی کے حلقوں کی تعداد میں اضافے کا فیصلہ کیا ہے۔ خیال ہے کہ اب یہ حلقے دو سو سے بڑھ کر ساڑھے تین سو ہو جائیں گے۔ اگرچہ الیکشن کمیشن کی کارکردگی اور اس کے اجلاسوں میں زیر بحث آنے والے امور کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جا رہا ہے تاہم ... [illegible]

بھارتی پولیس کے اعلیٰ افسر اور گروپ کمانڈنٹ نے بھی استعفیٰ دیدیا

جلیانوالہ باغ کے سانحے ... برطانوی جنرل ڈائر کی شہرت بھی ماند پڑ گئی ہے

سکھ بھارتی وزیراعظم کو اپنے سر پیش کر کے ان کی خون کی پیاس بجھائیں

[illegible]

بیرون ملک سے دہشت گرد چھپے کر دہلی میں

آئے ہیں ان کو گرفتار کیا جا رہا ہے آئی جی پنجاب

[illegible]

عراق کو زہریلی مسٹرڈ گیس امریکہ نے فراہم کی ہے ایران کا الزام

بصرہ کے شمال میں ایرانی حملے کے جواب میں استعمال کی گئی تھی

تہران ــــــ ... امریکہ پر الزام ... [illegible]

بھارتی مسلمانوں کو پاکستانی کہہ کر ذلیل کیا جاتا ہے

[illegible]

لے پی اے نے بھارتی حکومت کے الزام کو چیلنج کر دیا

بھارتی اطلاعات بالکل درست نہیں

[illegible]

ہریندر سنگھ کو برطرف کر دیا گیا

[illegible]

۱۵ بھوک ہڑتالی ہلاک

[illegible]



اٹلانٹا ... کی اکادمی ... حکومت پاکستان کی دعوت پر حال ہی میں پاکستان کا ... دورہ کیا ... علامہ اقبال کے مزار پر پھول چڑھانے کے بعد مزار پر متعین گارڈز کے ہمراہ نظر آ رہے ہیں